MEASLES

Bury Council

خسرہ کی وباء

بری میں خسرے کے حالیہ مصدقہ کیسز سامنے آئے ہیں۔ یہ بہت سے دوسرے ممالک میں بھی عام ہے جن میں لوگ عام تعطیلات کیلئے جاتے ہیں۔ خسرہ ایک انتہائی متعدی بیماری ہے جس کے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں۔

حفاظتی ٹیکے لگوانے کی سہولت دستیاب ہے

1 سے 18 سال کی عمر کے ہر اُس شخص کیلئے جو کسی وجہ سے اپنا ایم ایم آر کا ٹیکہ نہیں لگوا سکے تھے کیلئے جولائی بھر میں کلینک کا انتظام کیا جا رہا ہے۔

براہ کرم اپنے قریبی کلینک کے کھلنے کی تاریخوں اور مقام کیلئے کیو آر کوڈ سکین کریں۔ اپنے جی کو فون کر کے اِس کیلئے اپوائنٹمنٹ بنوائی جا سکتی ہیں۔

اگر آپ سمجھتے ہیں کہ شاید آپ کے بچے کو ایم ایم آر کا ٹیکہ نہیں لگا ہے تو آپ اپنے جی پی سے معلوم کر سکتے ہیں۔ جی پی سرجریاں اور بری جی پی فیڈریشن اُن بچوں کے والدین سے بھی رابطہ کریں گے جن کے میڈیکل ریکارڈ سے پتہ چلتا ہے کہ انہیں ایم ایم آر کا ٹیکہ شاید نہیں لگا ہے۔

SCAN ME

پورسین جیلاٹن سے پاک ٹیکے بھی دستیاب ہیں۔ اگر آپ پورسین جیلاٹن کے سے پاک ٹیکہ لگوانے کو ترجیح دیتے ہیں تو براہ کرم کلینک کو بتائیں۔

جن بالغ افراد کا خیال ہے کہ انہیں شاید ایم ایم آر کا ٹیکہ نہیں لگا ہوا ہے تو وہ بھی اپنے جی پی سے بات کر کے اِسے لگوانے کا انتظام کر سکتے ہیں۔ ابھی بھی دیر نہیں ہوئی ہے۔